نیلام عام برائے رہائشی پلاٹس

ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سروے نمبر 25 نیو آفیسر کالونی (بلال پارک) میں واقع درج ذیل پلاٹوں کے حقوق پٹہ داری کا نیلام عام مورخہ:.....10th.....فروری 2020 کو 11:00 بجے دن بمقام دفتر کینٹونمنٹ بورڈ، 42 سرور روڈ لاہور کینٹ میں منعقد ہوگا۔ خواہشمند حضرات بولی میں حصہ لے کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔ مقرر کردہ تاریخ کو نیلامی کے عدم انعقاد یا ناکام ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ:.....18th.....فروری 2020 کو منعقد ہوگی۔ جس کیلئے کوئی اشتہار شائع نہیں کیا جائے گا۔

سیریل نمبر	پلاٹ نمبر	رقبہ فی پلاٹ
1	120	4480 مربع فٹ
2	137,136,135,134,127,118,	2240 مربع فٹ

1. بولی میں حصہ لینے کیلئے زرضمانت مبلغ -/500,000 روپے بصورت سیکورٹی کال ڈپازٹ کسی بھی شیڈولڈ بینک کی جاری کردہ بینک گارنٹی یا غیر ملکی بینک (جو کسی پاکستانی شیڈولڈ بینک سے توثیق شدہ ہو یا کسی بیمہ کمپنی جو کسی پاکستانی شیڈولڈ بینک سے توثیق شدہ ہو اور PACRA/JCR سے AA کی ریٹنگ ہو) بحق ایگزیکٹو آفیسر لاہور کینٹ کی بولی شروع ہونے سے پہلے بمعہ ایک عدد کاپی شناختی کارڈ (CNIC) جمع کروانا ہوگی۔ بصورت دیگر نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔
2. بولی دہندہ کسی دوسرے شخص کی جگہ بولی دینا چاہے تو اس شخص کی طرف سے دیا گیا مختارنامہ بھی پیش کرنا ہوگا۔
3. کامیاب بولی دہندہ بولی کا 10% فوری اور بقایا بولی حاکم مجاز سے منظوری ملنے کی اطلاع کے ایک ماہ کے اندر اندر ادا کرنا ہوگی۔ نیز بولی دہندہ کو سی-ایل-اے رولز 1937 کے شیڈول (X-Modified) کے مطابق دستاویز برائے 90 سالہ پٹہ نامہ اپنے خرچہ پر تحریر و تکمیل کرانا ہوگی۔
4. کامیاب بولی دہندہ (مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد) 30 یوم کی مقررہ مدت کے اندر اندر بولی کی کل رقم جمع نہیں کرائیگا تو اس کی جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی اور اس پلاٹ کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی۔
5. کامیاب بولی دہندہ 30 یوم کی مقررہ مدت کے اندر اندر بولی کی کل رقم کے علاوہ ڈویلپمنٹ چارجز اور سالانہ کرایہ مقررہ تاریخ پر ادا کرنا ہوں گے۔
6. کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ قوانین کے مطابق تمام ٹیکسز جمع کروانا ہوں گے۔
7. کامیاب بولی دہندہ بوقت پٹہ داری (لیز) اپنی طرف سے کسی دوسرے شخص کو نامزد نہیں کر سکتا جب تک اس کے اپنے نام پر لیز مکمل نہیں ہو جاتی۔

8. کینٹ بورڈ/ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وجہ سے کسی ایک یا تمام بولیوں کو (منظوری سے قبل) بمطابق PPRA قوانین مسترد کر دے۔

9. شرائط نیلامی سی ایل اے رولز 1937 کے شیڈول VI کے مطابق ہوگی۔ پلاٹوں کا نقشہ اور درخواست فارم مع قوائد وضوابط وشرائط بعوض مبلغ -/Rs.1000 ناقابل واپسی دفتر ہذا سے دوران اوقات کار حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

10. مزید شرائط وضوابط / معلومات کیلئے برائے مہربانی دفتری اوقات کار کے دوران لاہور کینٹ بورڈ آفس سے رابطہ کریں۔ جو کہ PPRA اور LCB website پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

لاہور کینٹ